انْظُرْ إِلَيْهَا وَإِلَى مَا أَعْدَدْتُ لِأَهْلِهَا فِيهَا فَجَاءَ هَا فَنَظَرَ إِلَيْهَا وَإِلَى مَا أَعَدَّ اللهُ لِأَهْلِهَا فِيهَا فَرَجَعَ إِلَيْهِ فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَهَا فَأَمَرَ بِهَا فَحُجِبَتْ بِالْمَكَارِهِ قَالَ: ارْجِعْ إِلَيْهَا فَانْظُرْ إِلَيْهَا وَإِلَى مَا أَعْدَدْتُ لِأَهْلِهَا فِيهَا قَالَ: فَرَجَعَ إِلَيْهَا فَإِذَا هِيَ قَدْ حُجِبَتْ بِالْمَكَارِهِ فَرَجَعَ إِلَيْهِ فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ لَا يَدْخُلَهَا أَحَدٌ فَقَالَ: اذْهَبْ إِلَى النَّارِ فَانْظُرْ إِلَيْهَا وَإِلَى مَا أَعْدَدْتُ لِأَهْلِهَا فِيهَا فَجَاءَهَا فَنَظَرَ إِلَيْهَا وَإِلَى مَا أَعَدَّ اللهُ لِأَهْلِهَا فِيهَا فَإِذَا هِيَ يَرْكَبُ بَعْضُهَا بَعْضًا فَرَجَعَ إِلَيْهِ فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا أَحَدٌ فَيَدْخُلُهَا فَأَمَرَ بِهَا فَحُفَّتْ بِالشَّهَوَاتِ قَالَ: ارْجِعْ إِلَيْهَا فَانْظُرْ إِلَيْهَا وَإِلَى مَا أَعْدَدْتُ لِأَهْلِهَا فِيهَا قَالَ: فَرَجَعَ إِلَيْهَا فَإِذَا هِيَ قَدْ حُفَّتْ بِالشَّهَوَاتِ فَرَجَعَ إِلَيْهِ فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ لَا يَنْجُوَ مِنْهَا أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَهَا.(٥)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب اللہ تعالیٰ نے جنت اور دوزخ کو

:٥ أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ٧، الرقم: ٥

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذی في السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول اللّٰه ﷺ، باب:ما جاء حفت الجنة بالمكاره و حفت النار بالشهوات،٤/٦٩٣، الرقم:٢٥٦٠، والنسائی في السنن،، كتاب:الأيمان والنذور، باب:الحلف بعزة اللّٰه تعالى،٧/٣، الرقم:٣٧٦٣، وأحمد بن حنبل في المسند،٢/٣٣٢، الرقم:٨٣٧٩، وابن عبدالبر في التمهيد،٥/٩۔

پیدا فرمایا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام کو جنت کی طرف بھیجا کہ جنت اور اس کے ساز و سامان کو بغور دیکھو۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت جبریل آئے اور جنت اور اس کے ساز و سامان کو دیکھ کر واپس ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ! تیری عزت کی قسم! جو بھی اس (شان وشوکت) کے بارے میں سنے گا اس میں داخل ہونے کی کوشش کرے گا پس اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسے تکلیف دہ امور کے ساتھ گھیر دیا گیا۔ پھر حضرت جبریل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ دوبارہ جاکر جنت والوں کے لئے تیار کیا گیا سامان دیکھو۔ جب وہ دوبارہ آئے تو دیکھا کہ اسے مصائب سے گھیر دیا گیا ہے۔ اب اللہ تعالیٰ کے دربار میں جاکر عرض کیا: یا اللہ! تیری عزت کی قسم! مجھے ڈر ہے کہ اس میں کوئی داخل نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جاکر جہنم اور جو کچھ اس میں جہنمیوں کے لئے تیار کیا گیا ہے کو دیکھو۔ جبرئیل دیکھتے ہیں کہ اس کا ایک حصہ دوسرے پر سوار ہو رہا ہے۔ واپس آکر عرض کیا: تیری عزت کی قسم! جو بھی اس کے بارے میں سنے گا داخل ہونے کے لئے تیار نہ ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسے شہوات سے گھیر دیا گیا۔ پھر فرمایا: اب جاکر دیکھو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا: مجھے تیری عزت کی قسم! اب کوئی اس سے پیچھے نہیں رہے گا سب داخل ہونے کی کوشش کریں گے۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ السَّادِسُ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قَاسِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْمَجِيدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَامِدٍ الْمَقْدِسِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَلَانِسِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخَلِيلِ بْنِ أَحْمَدَ السِّجْزِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَيِّعِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَمِّهِ إِسْحَاقَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ سَوَّارِ

بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ طَلْحَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رضي الله عنه وَقَالَ: بِاللهِ الْعَظِيمِ لَقَدْ حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ الْمُصْطَفَى صلى الله عليه وآله وسلم وَقَالَ: بِاللهِ الْعَظِيمِ لَقَدْ حَدَّثَنِي جِبْرِيلُ عليه السلام وَقَالَ: بِاللهِ الْعَظِيمِ لَقَدْ حَدَّثَنِي مِيكَائِيلُ عليه السلام وَقَالَ: بِاللهِ الْعَظِيمِ لَقَدْ حَدَّثَنِي إِسْرَافِيلُ عليه السلام وَقَالَ: قَالَ اللهُ تَعَالَى لِي: يَا إِسْرَافِيلُ، بِعِزَّتِي وَجَلَالِي وَجُوْدِي وَكَرَمِي مَنْ قَرَأَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مُتَّصِلَةً بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ مَرَّةً وَاحِدَةً اشْهَدُوا عَلَى أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُ وَقَبِلْتُ مِنْهُ الْحَسَنَاتِ وَتَجَاوَزْتُ عَنْهُ السَّيِّئَاتِ وَلَا أُحْرِقُ لِسَانَهُ فِي النَّارِ وَأُجِيرُهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَالْفَزَعِ الأَكْبَرِ وَيَلْقَانِي قَبْلَ الأَنْبِيَاءِ وَالأَوْلِيَاءِ أَجْمَعِينَ.(٦)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

”حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ کی عزت و جلال کی قسم سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے بیان کیا: اللہ رب العزت کی قسم جبرائیل علیہ السلام نے مجھ سے بیان کیا۔ اللہ رب العزت کی قسم میکائیل علیہ السلام نے مجھ سے بیان کیا۔ اللہ رب العزت کی قسم اسرافیل علیہ السلام نے مجھ سے بیان کیا۔ اللہ جل مجدہ نے اسرافیل علیہ السلام سے کہا: ”میری عزت وجلال کی قسم! میری عظمت وشوکت کی قسم، میری فیاضی وسخاوت کی قسم، وہ جو بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے اور اس کے فوراً بعد سورہ فاتحہ ایک بار پڑھے تم سب اس امر کے گواہ بن جاؤ کہ میں نے اسے پہلے ہی بخش دیا ہے؟ میں نے اس کے

٦: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ٨، الرقم: ٦

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: العيني فى عمدة القاري، ٥/ ٢٩٠، والمناوي فى فيض القدير، ٤/ ٤٢٠۔

اچھے اعمال کو شرفِ قبولیت بخشی اور اس کے برے اعمال کو ایک طرف رکھ کر نظر انداز کر دیا ہے اور یہ کہ اس کی زبان کو آگ میں نہیں جلاؤں گا اور میں اسے عذاب قبر سے نجات دوں گا، اسے عذاب دوزخ سے بچا لوں گا، اسے عذاب قیامت سے محفوظ رکھوں گا اور آخرت کی عظیم ہولنا کی سے اپنی امان میں رکھوں گا اور وہ تمام انبیاء و رسل اور اولیاء و صوفیاء سے پہلے میری ملاقات سے مشرف ہوگا۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ السَّابِعُ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحمٰنِ الْفِرْيَانِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ يَحيَى، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَقْتِ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُظَفَّرِ الدَّاوُدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَمَوِيُّ ، حَدَّثَنَا الْفَرَبْرِيُّ حَدَّثَنَا الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنْ أَبِي أَحْمَدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: قَالَ اللهُ تَعَالَى: شَتَمَنِي ابْنُ آدَمَ وَمَا يَنبَغِي لَهُ أَنْ يَشْتِمَنِي وَيُكَذِّبُنِي وَمَا يَنْبَغِي لَهُ أَمَّا شَتْمُهُ فَقَوْلُهُ: إِنَّ لِي وَلَدًا وَأَمَّا تَكْذِيبُهُ فَقَوْلُهُ :لَيْسَ يُعِيدُنِي كَمَا بَدَأَنِي.

وَبِهَذَا الإِسْنَادِ إِلَى الْبُخَارِيِّ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ اللهُ ﷻ: كَذَّبَنِي ابْنُ آدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذَلِکَ وَشَتَمَنِي وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذَلِکَ فَأَمَّا تَكْذِيبُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ: لَنْ يُعِيدَنِي كَمَا بَدَأَنِي وَلَيْسَ أَوَّلُ

الْخَلْقِ بِأَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ إِعَادَتِهِ وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ اتَّخَذَ اللهُ وَلَدًا وَأَنَا الْأَحَدُ الصَّمَدُ لَمْ أَلِدْ وَلَمْ أُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لِي كُفُوًا أَحَدٌ.(٧)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: آدم کی اولاد مجھے گالی دیتی ہے حالانکہ ایسا کرنا اس کے لیے مناسب نہیں ہے اور وہ مجھے جھٹلاتی ہے جبکہ اس کا بھی اسے حق نہیں پہنچتا۔ ان کا گالی دینا تو یہ ہے کہ میرے لیے اولاد ٹھہراتے ہیں اور مجھے جھٹلانا یہ ہے جب وہ کہتی ہے وہ (اللہ تعالیٰ) مجھے دوبارہ زندہ نہیں کرے گا جیسے کہ پہلے مجھے پیدا فرمایا تھا۔‘‘

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: بنی آدم نے مجھے جھٹلایا اور یہ اس کے لئے مناسب نہیں اور مجھے گالی دی جبکہ یہ بھی اس کے لئے مناسب نہیں۔ پس اس کا جھٹلانا تو یہ ہے جو وہ کہتا ہے کہ ہمیں دوبارہ زندہ نہیں کیا جائے گا جیسا کہ ہمیں پہلے پیدا کیا گیا۔ حالانکہ پہلی دفعہ بنانا میرے لئے دوبارہ زندہ کرنے سے مشکل نہیں ہے اور اس کا گالی دینا یہ ہے جو وہ کہتا ہے کہ اللہ تعالی کا بیٹا بھی ہے۔ حالانکہ میں اکیلا ہوں، بے نیاز ہوں، نہ میں نے کسی کو جنا اور نہ کسی

٧: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ٩، الرقم: ٧

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاري في الصحيح ،كتاب:بدء الخلق، باب:ما جاء في قول الله تعالى وهو الذي يبدأ الخلق،٣/١١٦٦، الرقم:٣٠٢١، وكتاب: تفسير القرآن، باب:وقالوا اتخذ الله ولدا سبحانه، ٤/١٩٠٣، الرقم: ٤٦٩٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٣١٧، الرقم:٨٢٠٤، وابن حبان في الصحيح،٣/١٢٨، الرقم: ٨٤٨۔

نے مجھے جنا اور نہ کوئی میری برابری کرنے والا ہے۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الثَّامِنُ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَوَّلِ بْنُ عِيْسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى الْمَلِيْحِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ، عَنْ أَبِي أَيُّوْبَ سُلَيْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ عزوجل: ابْنَ آدَمَ، إِذَا ذَكَرْتَنِي شَكَرْتَنِي وَإِذَا نَسِيْتَنِي كَفَرْتَنِي.(٨)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ جل مجدہ فرماتا ہے: اے فرزند آدم! جب تو مجھے یاد کرتا ہے تو (اس حالت میں تو) میرا شکر گزار ہوتا ہے اور جب تو مجھے بھلا دیتا ہے تو میری ناشکری کرتا ہے۔‘‘

٨: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٠، الرقم: ٨

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الطبراني في المعجم الأوسط، ٧/٢٠٠، الرقم: ٧٢٦٥، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٤/٣٣٨، والديلمي في مسند الفردوس، ٣/١٨١، الرقم: ٤٤٩١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٢٥٨، الرقم: ٢٣١٤، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق الكبير، ٢٥/٣٣٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٧٩۔

اَلْحَدِيْثُ التَّاسِعُ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الصَّدَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِي الْوَقْتِ الْهَرَوِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُظَفَّرِ الدَّاوُدِيِّ، عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ الْحَمَوِيِّ، عَنِ الْفَرَبْرِيِّ، عَنِ الْبُخَارِيِّ، عَنِ الْيَمَانِ، عَنْ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: قَالَ اللهُ ﷻ: أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ وَقَالَ: يَدُ اللهِ مَلأَى لَا تَغِيضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَقَالَ: أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَدِهِ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ وَبِيَدِهِ الْمِيْزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ.(٩)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تو میری راہ میں مال خرچ کر میں تجھے مال دوں گا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ہاتھ بھرے ہوئے ہیں، رات دن خرچ کرنے سے بھی خالی نہیں ہوتے۔ فرمایا: کیا تم نہیں

٩: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٠، الرقم: ٩

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاري في الصحيح، كتاب: تفسير القرآن، باب: قوله وكان عرشه على الماء، ٤/١٧٢٤، الرقم: ٤٤٠٧، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: الحث على النفقة وتبشير المنفق بالخلف، ٢/٦٩١، الرقم: ٦٩٣، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٢٤، الرقم: ١٣٥٥۔

دیکھتے جب سے آسمان اور زمین کی پیدائش ہوئی اس وقت سے کتنا اس نے لوگوں کو دیا لیکن اس کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں آئی اور اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا اور میزان یعنی قدرت اسی کو حاصل ہے جس کو چاہے گرائے اور جس کو چاہے اٹھائے۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الْعَاشِرُ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثنا الْمَسْعُودُ عَبْدُ اللهِ بَدْرٌ الْحَبَشِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ الأَوَّلِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُؤَذِّنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ خَشْرَمٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ عزوجل يَقُوْلُ: أَنَا مَعَ عَبْدِي إِذَا هُوَ ذَكَرَنِي وَتَحَرَّكَتْ بِي شَفَتَاهُ.(١٠)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

١٠: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١١، الرقم: ١٠

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاري في الصحيح، كتاب:التوحيد، باب:قول الله تعالى (لا تحرك به لسانك) وفعل النبى ﷺ حين ينزل عليه الوحى وقال أبو هريرة رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال الله تعالى أنا مع عبدي حيثما ذكرني وتحركت بي شفتاه، ٦/٢٧٣٦، وابن ماجه في السنن، كتاب:الأدب، باب:فضل الذكر، ٢/١٢٤٦، الرقم: ٣٧٩٢، أحمد بن حنبل في المسند، ٢/٥٤٠، الرقم: ١٠٩٨٩، والطبراني في مسند الشاميين، ١/٣٢٠،—

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے، اور اس کے ہونٹ میرے ذکر میں ہلتے ہیں۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الْحَادِي عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّرِيْفُ أَبُوْ مُحَمَّدٍ يُوْنُسُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِي الْوَقْتِ بْنِ عِيْسَى، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَحْمَدَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ مَكْحُوْلٍ الْبَيْرُوْنِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ غَالِبٍ وَابْنِ مُجَاهِدٍ وَالْمُغِيْرَةِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: قَالَ رَبُّكُمْ عزوجل: لَا أَجْمَعُ عَلَى عَبْدٍ خَوْفَيْنِ وَلَا أَجْمَعُ لَهُ أَمْنَيْنِ مَنْ خَافَنِي فِي الدُّنْيَا لَمْ يَخَفْ فِي الآخِرَةِ وَإِنْ أَمِنَنِي فِي الدُّنْيَا لَمْ يَأْمَنْ فِي الآخِرَةِ.(١١)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

.... الرقم: ٥٦٢، والبيهقي في شعب الإيمان، ١/٣٩١، الرقم: ٥٠٩، والديلمي في الفردوس بمأثور الخطاب، ٣/١٨٦، الرقم: ٤٥١١۔

١١: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١١، الرقم: ١١

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: ابن حبان في الصحيح، ٢/٤٠٦، الرقم: ٦٤٠، والبيهقي في شعب الإيمان، ١/٤٨٢، الرقم: ٧٧٧، وابن المبارك في الزهد، ١/٥٠، الرقم: ١٥٧،—

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا مالک خدائے عظیم و برتر فرماتا ہے: میں اپنے بندہ پر دو خوف بیک وقت یکجا نہیں کروں گا نہ اسے دو قسم کے فکر و خوف سے ایک ساتھ بے نیاز کروں گا۔ اگر میرا بندہ اس دنیا میں میرا خوف رکھے گا تو عالم آخرت میں اس پر کوئی خوف طاری نہیں ہو گا اگر وہ اس دنیا میں میرے خوف سے بے نیاز ہوگا تو دوسرے عالم میں وہ حزن و خوف سے محفوظ نہیں ہو گا۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الثَانِي عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الصَّدَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْحُبَابِ، عَنْ زَاهِرِ بْنِ طَاهِرٍ النَّيْسَابُوْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْكَنْجَرُوْدِيِّ، عَنِ الْحَاكِمِ أَبِي أَحْمَدَ مُحَمَّدٍ الْحَافِظِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيِّ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلاَلِي الْيَوْمَ أُظِلَّهُمْ فِي ظِلِّي يَوْمَ لاَ ظِلَّ إِلَّا ظِلِّي. (١٢)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

.... والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/١٣١، الرقم: ٥١١٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٣٠٨۔

١٢: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٢، الرقم: ١٢

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: مسلم في الصحيح، كتاب:البر والصلة والآداب، باب: في فضل الحب في الله،____

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا: میری جلال ذات سے محبت کرنے والے آج کہاں ہیں؟ آج میں انہیں اپنے سائے میں رکھوں گا، میرے سایہ کے علاوہ آج کسی کا سایہ نہیں ہے۔''

اَلْحَدِيْثُ الثَّالِثُ عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْفِرْيَانِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا أَبُوالْوَقْتِ بْنِ عِيْسَي، حَدَّثنا عَبْدُ الأَعْلَي بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الإِسْمَاعِيْلِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَبِي نُعَيْمِ بْنِ دُكَيْنٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الأَصَمِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم : قَالَ اللهُ عزوجل : أَنَّا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي وَأَنَا مَعَ عَبْدِي إِذَا دَعَانِي. (١٣)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

.... ٤/١٩٨٨، الرقم:٢٥٦٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٣٧، الرقم:٧٢٣٠، وابن حبان في الصحيح، ٢/٣٣٤، الرقم:٥٧٤، والدارمی في السنن، ٢/٤٠٣، الرقم: ٢٧٥٧، والبيهقی في السنن الكبری، ١٠/٢٣٢، الرقم: ٢٠٨٥٦، والبيهقی في شعب الإيمان، ٦: ٤٨٢،الرقم: ٨٩٨٩۔

١٣: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٢، الرقم: ١٣

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں۔ اور جس وقت وہ میرا ذکر کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الرَّابِعُ عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ بْنُ أَحْمَدَ الْمَعَافِرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ شُرَيْحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرُّعَيْنِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَنْظُورٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا أُبُو ذَرٍّ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَكِّيٍّ الْكُشْمِيهَنِيُّ وَالْحَمَوِيُّ وَالْمُسْتَمْلِي، عَنِ الْفَرَبْرِيِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْبُخَارِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَنَسٍ يَرْفَعُهُ إِنَّ اللهَ يَقُولُ: لِأَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا: لَوْ أَنَّ لَکَ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ كُنْتَ تَفْتَدِي بِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَقَدْ سَأَلْتُکَ مَا هُوَ أَهْوَنُ مِنْ هَذَا وَأَنْتَ فِي صُلْبِ آدَمَ أَنْ لَا تُشْرِکَ بِي شَيْئًا فَأَبَيْتَ

.... **وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم:** البخاري في الصحيح، كتاب:التوحيد، باب: قول اللّٰه تعالى ويحذركم اللّٰه نفسه، ٦/٢٦٩٤، الرقم:٦٩٧٠، ومسلم في الصحيح،كتاب: الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب: الحث على ذكر اللّٰه تعالى ، ٤/٢٠٦١، الرقم: ٢٦٧٥، والترمذي في السنن، ،كتاب:الدعوات عن رسول اللّٰه صلى الله عليه وآله وسلم باب: ما جاء في حسن الظن باللّٰه،٥/٥٨١، الرقم: ٣٦٠٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٤٨٠، الرقم: ١٠٢٢٩، وابن حبان في الصحيح، ٣/٩٣، الرقم:٨١١۔

إِلَّا الشِّرْکَ.(١٤)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ اس دوزخی سے جس کو سب سے کم عذاب دیا جارہا ہوگا فرمائے گا: اگر تجھے دنیا کا سارا ساز و سامان دے دیا جائے، تو کیا تو عذاب سے بچنے کے لیے انہیں فدیہ میں دے دیگا؟ وہ دوزخی جواب دے گا: ہاں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے تجھ سے اس کی نسبت بہت تھوڑا مطالبہ کیا تھا جب تو آدم کی پشت میں تھا کہ ''میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا'' لیکن تو شرک پر ہی ڈٹا رہا۔''

اَلْحَدِيثُ الْخَامِسُ عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الصَّدَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَقْتِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ الْهَرَوِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الزَّاهِدِ، عَنْ أَبِي حَامِدٍ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّرْقِيِّ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ حَفْصٍ عَنْ حَفْصٍ، عَنْ

١٤: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٣، الرقم: ١٤

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاري في الصحيح، كتاب:أحاديث الأنبياء، باب:خلق آدم وذريته، ٣/١٢١٣، الرقم: ٣١٥٦، وكتاب:الرقاق، باب:صفة الجنة والنار، ٥/٢٣٩٩، الرقم: ٦١٨٩، ومسلم في الصحيح،كتاب:صفة القيامة والجنة والنار، باب:طلب الكافر الفداء بملء الأرض ذهبا، ٤/٢١٦٠، الرقم: ٢٨٠٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٢٩، الرقم: ١٢٣٣٤، وأبو يعلى في المسند، ٧/١٩٩، الرقم: ٤١٨٦۔

إِبْراهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ الْأَعْرَابِيِّ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ : يَعْنِي قَالَ اللهُ ﷻ: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ إِزَارِي فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا أَدْخَلْتُهُ النَّارَ.(١٥)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کبریائی میری چادر اور عظمت میری ازار ہے، جو ان دونوں میں سے ایک چیز بھی مجھ سے چھینے گا اسے میں جہنم میں ڈال دوں گا۔''

اَلْحَدِيثُ السَّادِسُ عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا غَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَلِيِّ، بْنِ أَحْمَدَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ فَتْحٍ، عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ عِيسَى، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ

١٥: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٣، الرقم: ١٥

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: أبو داود في السنن، كتاب: اللباس، باب:ما جاء في الكبر، ٤/٥٩، الرقم: ٤٠٩٠، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب:البراءة من الكبر والتواضع، ٢/١٣٩٧، الرقم:٤١٧٤، وأحمد بن حنبل في المسند،٢/٣٧٦، الرقم:٨٨٨١، وابن حبان في الصحيح، ٢/٣٥،الرقم: ٣٢٨، والبيهقي في شعب الإيمان،٦/٢٨١، الرقم:٨١٥٨،والمنذرى في الترغيب والترهيب، ٣/٣٥٣،الرقم: ٤٤٠١ ـ

زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: يَعْنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَفَعَتِ الْمَلَائِكَةُ وَشَفَعَ النَّبِيُّوْنَ وَشَفَعَ الْمُؤْمِنُونَ وَلَمْ يَبْقَ إِلَّا أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ فَيَقْبِضُ قَبْضَةً مِنَ النَّارِ فَيُخْرِجُ مِنْهَا قَوْمًا لَمْ يَعْمَلُوا خَيْرًا قَطُّ قَدْ عَادُوا حُمَمًا فَيُلْقِيهِمْ فِي نَهْرٍ فِي أَفْوَاهِ الْجَنَّةِ يُقَالُ لَهُ نَهْرُ الْحَيَاةِ ...... الْحديث.

وَفِيهِ ثُمَّ يَقُولُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى: أُدْخُلُوا الْجَنَّةَ فَمَا رَأَيْتُمُوهُ فَهُوَ لَكُم فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا أَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِيْنَ فَيَقُولُ: لَكُمْ عِنْدِي أَفْضَلُ مِنْ هَذَا فَيَقُوْلُوْنَ: يَا رَبَّنَا، أَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ هَذَا فَيَقُولُ: رِضَائِي فَلاَ أَسْخَطُ عَلَيْكُم أَبَدًا.(١٦)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا: فرشتے، انبیاء اور تمام مسلمان شفاعت کر کے فارغ ہو گئے، اب (گنہگاروں کے لیے) سوائے ارحم الراحمین کے کوئی باقی نہیں

١٦: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٤، الرقم: ١٦

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاري فى الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى: وجوه يومئذ ناضرة إلى ربها ناظرة، ٦/٢٧٠٧، الرقم: ٧٠٠١، ومسلم في الصحيح كتاب: الإيمان، باب: معرفة طريق الرؤية، ١/١٧٠، الرقم: ١٨٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٩٤، الرقم: ١١٩١٧، والمنذرى في الترغيب والترهيب، ٤/٢٢٣۔

رہا۔ پھر اللہ تعالیٰ ایک مٹھی بھر کر دوزخ میں سے ان لوگوں کو نکال لے گا جنہوں نے اصلاً کوئی نیکی نہیں کی ہوگی اور وہ لوگ جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت کے دروازہ پر آبِ حیات کی نہر میں ڈال دے گا۔ اس حدیث میں آگے بیان ہے۔

’’پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ اور جس چیز کو تم دیکھو گے وہ تمہاری ہو جائے گی۔ وہ لوگ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے ہم کو وہ کچھ عطا فرمایا ہے جو جہان والوں میں سے کسی کو عطا نہیں فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میرے پاس تمہارے لیے اس سے افضل چیز ہے۔ وہ لوگ کہیں گے: اے ہمارے رب! وہ کیا چیز ہے! جو اس بھی افضل ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میری رضا ہے اب میں تم سے کبھی ناراض نہیں ہوں گا۔‘‘

اَلْحَدِيثُ السَّابِعُ عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُونُسُ الشَّرِيفُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَقْتِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى الْمَلِيحِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى الْحُسَيْنُ الزُّبَيْرِيُّ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ الْكَرَابِيسِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَشْرَسَ عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، عَنْ جِبْرِيلَ، عَنِ اللهِ ﷻ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ هَذَا دِينٌ ارْتَضَيْتُهُ لِنَفْسِي لَنْ يُصْلِحَهُ إِلَّا السَّخَاءُ وَحُسْنُ الْخُلُقِ فَأَكْرِمُوهُ بِهِمَا مَا صَحِبْتُمُوهُ. (۱۷)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

۱۷: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٤، الرقم: ١٧

''حضرت جابر بن عبد اللہ سے مروی ہے کہ میں نے یہ بات حضور نبی اکرم ﷺ سے سنی انہوں نے جبرائیل علیہ السلام سے اور جبرائیل نے اللہ رب العزت سنی: اللہ رب العزت ارشاد فرماتا ہے: اس دن کو میں نے اپنے لیے منتخب کیا ہے۔ اس کے سوا اور کوئی چیز اس کے شایانِ شان نہیں کہ اس میں کھلی دریا دلی، اور اعلی اخلاق ہیں پس تم میں جو اس کی اتباع کرے اسے چاہئے کہ وہ ان دونوں سے اسے سرفراز کرے۔''

اَلْحَدِيثُ الثَّامِنُ عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الطَّبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَافِرِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنا أَبُو أَحْمَدَ الْجُلُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا أَبُوبَكْرٍ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ هَارُوْنَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ تَعَالَى ﷻ: تُرِيْدُونَ شَيْئًا أَزِيدُكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ أَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا؟ أَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيَكْشِفُ الْحِجَابَ فَمَا أُعْطُوا شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَى رَبِّهِمْ ﷻ ثُمَّ تَلاَ هَذِهِ الآيَةَ ﴿لِلَّذِينَ

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الطبراني في المعجم الأوسط، ٣٧٥/٨، الرقم:٨٩٢٠، والبيهقی في شعب الإيمان، ٤٣٢/٧، الرقم: ١٠٨٦٤، والقضاعی في مسند الشهاب، ٣٢٩/٢، الرقم:١٤٦١، والمنذری في الترغيب والترهيب، ٢٧٣/٣، الرقم: ٤٠١٨۔

أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ ﴾. (يونس، ١٠: ٢٦)۔ (١٨)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

''حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تمام جنتی جنت میں چلے جائیں گے تو اس وقت اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: کیا تمہاری کوئی ایسی خواہش ہے جس کو میں پورا کروں؟ جنتی عرض کریں گے: اے بار الٰہ کیا تو نے ہمارے چہرے روشن نہیں کیے، کیا تو نے ہم کو جنت عطا نہیں کی، کیا تو نے ہم کو دوزخ سے نجات نہیں دی؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ پھر اللہ تعالیٰ حجاب اٹھا دے گا (اور جنتی اللہ تعالیٰ کی ذات کا دیدار کر لیں گے) پس ان کو اس دیدار سے بڑھ کر کوئی چیز عطا نہیں کی گئی ہوگی۔ پھر یہ آیت تلاوت فرمائی: ''ایسے لوگوں کے لیے جو نیک کام کرتے ہیں نیک جزا ہے بلکہ (اس پر) اضافہ بھی ہے۔''

اَلْحَدِيْثُ التَّاسِعُ عَشَرَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الصَّدَفِيُّ حَدَّثَنَا الشَّرِيْفُ يُونُسُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَوَّلِ بْنُ عِيْسَى الْهَرَوِيُّ، عَنِ ابْنِ الْمُظَفَّرِ

١٨: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٥، الرقم: ١٨

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: مسلم في الصحيح، كتاب:الإيمان باب:إثبات رؤية المؤمنين في الآخرة ربهم سبحانه وتعالى، ١/١٦٣، الرقم: ١٨١،والترمذي في السنن، كتاب: التفسير، باب: ومن سورة يونس، ٥/٢٨٦، الرقم: ٣١٠٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣٣٢، الرقم:١٨٩٥٥، والمنذرى في الترغيب والترهيب، ٤/٣٠٩، الرقم: ٥٧٤٤۔

الدَّاوُدِيُّ، عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ الْحَمَّوِيِّ، عَنِ الْفَرَبْرِيِّ، حَدَّثَنَا الْبُخَارِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَقُولُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: يَا آدَمُ، يَقُولُ: لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ فَيُنَادَى بِصَوْتٍ إِنَّ اللهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تُخْرِجَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ بَعْثًا إِلَى النَّارِ قَالَ: يَارَبِّ، وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ وَأَرَاهُ قَالَ: تِسْعُمِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ فَحِينَئِذٍ تَضَعُ الْحَامِلُ حَمْلَهَا وَيَشِيبُ الْوَلِيدُ ﴿وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللهِ شَدِيْدٌ.﴾ (الحج، ٢٢:٢) فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ حَتَّى تَغَيَّرَتْ وُجُوهُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مِنْ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ تِسْعَمِائَةٍ وَتِسْعُونَ وَمِنْكُمْ وَاحِدٌ ثُمَّ أَنْتُمْ فِي النَّاسِ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِي جَنْبِ الثَّوْرِ الأَبْيَضِ أَوْ كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي الثَّوْرِ الأَسْوَدِ إِنِّي لأَرْجُو أَنْ تَكُونُوا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا ثُمَّ قَالَ: ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا ثُمَّ قَالَ: شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا.(١٩)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

١٩: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٥، الرقم: ١٩

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاري في الصحيح، كتاب: باب: تفسير سورة الحج، ٤/١٧٦٧، الرقم: ٤٤٦٤، وأبو عوانه في المسند، ١/٩٠، والطبرانى في المعجم الكبير، ١١/٣٦٦، الرقم: ١٢٠٣٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٧/٧٠۔

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم! وہ عرض کریں گے: اے رب! میں تیری بارگاہ میں حاضر اور حکم ماننے کے لئے تیار ہوں۔ پس ایک آواز آئے گی کہ اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ اپنی اولاد میں سے جہنمیوں کو علیحدہ علیحدہ کردو، وہ عرض کریں گے کہ اے رب! جہنم کی طرف کس کو بھیجوں؟ فرمایا جائے گا کہ ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے کو۔ پس اس وقت حاملہ کا حمل گر جائے گا اور بچے بوڑھے ہوجائیں گے۔﴿ اور (اے دیکھنے والے!) تو لوگوں کو نشہ (کی حالت) میں دیکھے گا حالاں کہ وہ (فی الحقیقت) نشہ میں نہیں ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب (ہی اتنا) سخت ہوگا (کہ ہر شخص حواس باختہ ہو جائے گا)﴾ صحابۂ کرام کو اس کا بڑا صدمہ ہوا اور ان کے چہروں کا رنگ بدل گیا۔ پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ نو سو ننانوے یاجوج وماجوج سے ہوں گے اور ایک (جنت میں جانے والا) تم میں سے ہوگا۔ پھر فرمایا کہ تم لوگوں میں اس طرح ہوگے جیسے سفید بیل کے پہلو میں کالا بال یا کالے بیل کے پہلو میں سفید بال ہوتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ تم اہل جنت میں چوتھائی ہوگے۔ پس ہم نے (خوشی میں) نعرہ تکبیر بلند کیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کا تہائی حصہ۔ ہم نے پھر نعرہ تکبیر بلند کیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کے نصف۔ ہم نے پھر نعرہ تکبیر بلند کیا۔''

اَلْحَدِيْثُ الْعِشْرُوْنَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْفِرْيَانِيُّ اللَّخْمِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثنَا أَبُو الْوَقْتِ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي الْحَسَنِ مُحَمَّدِيِّ بْنِ عَلِيِّ الْعَلَوِيِّ، عَنْ دِينَارِ بْنِ بَنَّانٍ الْجَوْهَرِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ

جَرِيرٍ الصُّورِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الإِسْكَنْدَرَانِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَوْحَى اللهُ ﷻ إِلَى مُوسَى إِنَّكَ لَنْ تَتَقَرَّبَ إِلَيَّ بِشَيْءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنَ الرِّضَا بِقَضَائِي وَلَمْ تَعْمَلْ عَمَلاً أَحْفَظَ لِحَسَنَاتِكَ مِنَ النَّظَرِ فِي أُمُورِكَ يَا مُوسَى، لاَ تَتَضَرَّعْ إِلَى أَهْلِ الدُّنْيَا فَأَسْخَطَ عَلَيْكَ وَلَا تَجُدْ بِدِينِكَ لِدُنْيَا فَأُغْلِقَ عَلَيْكَ أَبْوَابَ رَحْمَتِي. يَا مُوسَى، قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ التَّائِبِينَ أَبْشِرُوا قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ الْمُخْبِتِينَ أَخْبِتُوا أَوْ أَحْسِنُوا (قَالَ الشَّيْخُ: الشَّكُّ مِنِّي).[(۲۰)]

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

''حضرت ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ جل مجدہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی۔ ''میری قربت حاصل کرنے کا تمہارے لئے اس کے سوا اور کوئی راستہ نہیں کہ جو مجھے زیادہ محبوب ہے وہ یہ کہ تم میری بنائی ہوئی تقدیر سے مطمئن ہو جاؤ اور تمہارا اپنے معاملات پر نگاہ رکھنا، اس سے بڑھ کر کوئی عمل ایسا نہیں جو تمہاری نیکیوں کا محافظ ہو۔

''اے موسیٰ! اس دنیا کے لوگوں کے آگے عاجزی وانکساری نہ کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ میں تم سے ناراض ہوجاؤں۔ اور دنیا کو اپنے دین پر ترجیح نہ دو کہیں میں تم پر اپنی

۲۰: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٦، الرقم: ٢٠

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: أبو نعيم الأصبهاني في حيلة الأولياء، ٥/٤٥، والديلمي في الفردوس بمأثور الخطاب، ١/١٤٣، الرقم: ٥٠٩۔

رحمت کے دروازے بند نہ کر دوں۔

’’اے موسیٰ! ان مومنین سے کہہ دو جو ندامت سے میری آگے تائب ہو جائیں کہ ’’خوش ہو جاؤ‘‘ اور عاجز مومنین سے کہہ دیں عاجزی قائم رکھو یا یہ کہ نیکی کرو‘‘

’’اے موسیٰ! ان سے جو میرے آگے عجز و فروتنی کا پیکر بنے رہتے ہیں کہہ دیں: برائی سے اجتناب کرو اور نیکی اختیار کرو۔

’’شیخ اکبر کہتے ہیں: اس میں عدم یقین میری طرف سے ہے کہ لفظ أخبتوا بولا ہے یا أحسنوا۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الْحَادِي وَالْعِشْرُونَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَسْعُودُ عَبْدُ اللهِ بَدْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَبَشِيُّ، حَدَّثَنا أَبُو مُحَمَّدٍ الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُوالْوَقْتِ السِّجْزِيُّ، حَدَّثَنَا الدَّاوُدِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَمَوِيُّ حَدَّثَنا الْفَرَبْرِيُّ، حَدَّثَنَا الْبُخَارِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ: قَالَ اللهُ ﷻ :أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ.(٢١)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

٢١: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٧، الرقم: ٢١

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذی في السنن، كتاب: باب:ومن سورة الواقعة، ٥/٤٠٠، الرقم:٣٢٩٢،—

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے اپنے نیکو کار بندوں کے لئے وہ نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گزرا۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الثَّانِي وَالْعِشْرُونَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الصَّدَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَقْتِ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى الْمَلِيْحِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ الْهَرَوِيِّ، عَنْ أَبِي الْحَسَنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الصُّوْفِيِّ الْحَسَنِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْكَرْخِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُوْسَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِيهِ جَعْفَرٍ الصَّادِقِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: قَالَ اللهُ عزوجل: مَنْ رَجَا غَيْرِي لَمْ يَعْرِفْنِي وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِي لَمْ يَعْبُدْنِي وَمَنْ لَمْ يَعْبُدْنِي فَقَدِ اسْتَوْجَبَ سَخَطِي وَمَنْ خَافَ غَيْرِي حَلَّتْ بِهِ نِقَمِي. (۲۲)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

’’حضرت علی ابن طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

.... وابن ماجة في السنن، كتاب: باب: صفة القيامة، ۲/۱٤٤۷، الرقم: ٤۳۲۸، وأحمد بن حنبل في المسند، ۲/٤٦٦، الرقم: ۱۰۰۱۸، والدارمي في السنن، ۲/٤۳۲، الرقم:۲۸۲۸۔

۲۲: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ۱۷، الرقم: ۲۲۔ —

اللہ جل مجدہ ارشاد فرماتا ہے: جس نے میرے علاوہ کسی سے امید رکھی اس نے مجھے نہ پہچانا اور جس نے مجھے نہ پہچانا اس نے میری عبادت نہ کی اور جس نے میری عبادت نہ کی اس کے لیے میری ناراضگی لازم ہوگئی اور جس نے میرے علاوہ کسی اور کا خوف رکھا اس پر میرا قہر آئے گا۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو طَاهِرٍ السَّلَفِيُّ، عَنِ الطَّبَرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْغَافِرِ الْفَارِسِيِّ، عَنِ الْجُلُودِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي حَدِيثِ۔ فَرَاغِ اللهِ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ الْعِبَادِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: وَيَبْقَى رَجُلٌ مُقْبِلٌ بِوَجْهِهِ عَلَى النَّارِ وَهُوَ آخِرُ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُولاً الْجَنَّةَ فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ، اصْرِفْ وَجْهِي عَنِ النَّارِ فَإِنَّهُ قَدْ قَشَبَنِي رِيحُهَا وَأَحْرَقَنِي ذَكَاؤُهَا فَيَدْعُو اللهَ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَدْعُوَهُ ثُمَّ يَقُولُ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: هَلْ عَسَيْتَ إِنْ فَعَلْتُ ذَلِكَ بِكَ أَنْ تَسْأَلَ غَيْرَهُ؟ فَيَقُولُ: لاَ أَسْأَلُ غَيْرَهُ وَيُعْطِي رَبَّهُ ﷻ مِنْ عُهُودٍ وَمَوَاثِيقَ مَا شَاءَ فَيَصْرِفُ اللهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ فَإِذَا أَقْبَلَ عَلَى الْجَنَّةِ وَرَآهَا سَكَتَ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَسْكُتَ ثُمَّ يَقُولُ: أَيْ رَبِّ قَدِّمْنِي إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ فَيَقُولُ اللهُ ﷻ لَهُ: أَلَيْسَ قَدْ أَعْطَيْتَ عُهُودَكَ وَمَوَاثِيقَكَ لاَ تَسْأَلُنِي غَيْرَ الَّذِي أَعْطَيْتُكَ؟

وَيْلَکَ يَا ابْنَ آدَمَ، مَا أَغْدَرَکَ. فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ يَدْعُوالله ﷻ حَتَّى يَقُوْلَ لَهُ: هَلْ عَسَيْتَ إِنْ أَعْطَيْتُکَ ذَلِکَ أَنْ تَسْأَلَ غَيْرَهُ؟ فَيَقُوْلُ: لاَ وَعِزَّتِکَ فَيُعْطِي رَبَّهُ مَا شَاءَ اللهُ مِنْ عُهُودٍ وَمَوَاثِيقَ فَيُقَدِّمُهُ إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ فَإِذَا قَامَ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ انْفَهَقَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَرَأَى مَا فِيهَا مِنَ الْخَيْرِ وَالسُّرُورِ فَيَسْكُتُ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَسْكُتَ ثُمَّ يَقُولُ أَيْ رَبِّ أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ فَيَقُولُ اللهُ تَبَارَکَ وَتَعَالَى لَهُ: أَلَيْسَ قَدْ أَعْطَيْتَ عُهُودَکَ وَمَوَاثِيقَکَ أَنْ لاَ تَسْأَلَ غَيْرَ مَا أُعْطِيتَ؟ وَيْلَکَ يَا ابْنَ آدَمَ! مَا أَغْدَرَکَ! فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ، لاَ أَكُونُ أَشْقَى خَلْقِکَ وَلاَ يَزَالُ يَدْعُو اللهَ ﷻ حَتَّى يَضْحَکَ اللهُ تَبَارَکَ وَتَعَالَى مِنْهُ فَإِذَا ضَحِکَ اللهُ مِنْهُ قَالَ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ فَإِذَا دَخَلَهَا قَالَ اللهُ تَعَالَى: تَمَنَّهُ فَيَسْأَلُ رَبَّهُ وَيَتَمَنَّى حَتَّى إِنَّ اللهَ ﷻ لَيُذَكِّرُهُ مِنْ كَذَا وَكَذَا حَتَّى إِذَا انْقَطَعَتْ بِهِ الأَمَانِيُّ قَالَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ: ذَلِکَ لَکَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ. (٢٣)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

٢٣: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٨، الرقم: ٢٣

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: البخاري في الصحيح، كتاب:التوحيد، باب:قول الله تعالى وجوه يومئذ ناضرة، ٦/٢٧٠٥، الرقم: ٧٠٠٠، ومسلم في الصحيح، كتاب:الإيمان، باب:معرفة طريق الرؤية، ١/١٦٦، الرقم:١٨٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢: ٢٩٣، الرقم: ٧٩١٤، وعبد الرزاق في المصنف، ١١/٤٠٩، الرقم: ٢٠٨٥٦، وأبو عوانة في المسند، ١/١٤٠، الرقم: ٢٥٤٧۔

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ بندوں کے فیصلے سے فارغ ہو جائے گا اور صرف ایک آدمی باقی رہ جائے گا۔ اُس کا منہ جہنم کی طرف ہو گا۔ وہ جہنم سے نکلنے اور جنت میں جانے کے لحاظ سے آخری ہو گا۔ وہ عرض کرے گا کہ اے رب! میرا منہ جہنم کی طرف سے پھیر دے کیونکہ اس کی بدبو نے مجھے تڑپا رکھا ہے اور اس کی تپش نے مجھے جھلس دیا ہے۔ پس وہ اللہ تعالیٰ سے جس طرح دعا کرنا چاہے گا کرے گا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اگر تجھے یہ چیز عطا فرما دی جائے تو اس کے سوا کچھ اور تو نہیں مانگے گا؟ وہ عرض کرے گا کہ تیری عزت کی قسم، میں اور کچھ نہیں مانگوں گا۔ پس اللہ تعالیٰ اس کے منہ کو جہنم کی طرف سے پھیر دے گا۔ جب وہ جنت کی طرف منہ کرے گا اور اُسے دیکھے گا تو اُتنی دیر خاموش رہے گا جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا پھر عرض کرے گا اے رب! مجھے جنت کے دروازے تک پہنچا دے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ کیا تو نے ہم سے یہ پکا عہد و پیماں نہیں کیا تھا کہ اب اِس کے سوا کبھی بھی کوئی اور چیز نہیں مانگوں گا؟ وہ عرض کرے گا کہ تیری عزت کی قسم، میں اس کے سوا کوئی اور چیز نہیں مانگوں گا اور جو چاہے گا عہد و پیماں کرے گا۔ پس اسے جنت کے دروازے تک پہنچا دیا جائے گا۔ پس جب وہ جنت کے دروازے پر کھڑا ہو گا اور اس کی طرف توجہ کرے گا اور جو اُس کے اندر آسائش و مسرت ہے اُسے دیکھے گا تو اتنی دیر خاموش رہے گا جب تک اللہ چاہے اور پھر عرض کرے گا: اے رب! مجھے جنت میں داخل کر دے۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ کیا تو نے ہمارے ساتھ یہ پکا عہد و پیمان نہیں کیا ہے کہ جو کچھ تجھے دیا اُس کے سوا کچھ اور نہیں مانگے گا پھر فرمائے گا کہ ابن آدم پر افسوس ہے، یہ کتنا عہد شکن ہے۔ وہ عرض کرے گا کہ اے رب! میں تیری مخلوق میں سب سے بدبخت نہیں رہنا چاہتا۔ جب وہ برابر دعا کرتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ ہنس پڑے گا، جب وہ اُس کی بات پر ہنسے گا تو فرمائے گا کہ جنت میں داخل ہو جا۔ جب وہ داخل ہو جائے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کہ کچھ اور آرزو کر۔ پس وہ اپنے رب سے تمنا کرتا جائے گا یہاں تک کہ خود

اللہ تعالیٰ اسے یاد دلاتا جائے گا کہ فلاں اور فلاں۔ آخر کار اُس کی تمام آرزوئیں پوری ہو جائیں گی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تجھے یہ دیا اور اتنا ہی اور بھی ہے اس کے ساتھ۔

اَلْحَدِيثُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُونَ

عَنِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي الْفَتْحِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُقْرِيءِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ يَنَالَ، عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ، عَنْ أَبِي عِيسَى التِّرْمِذِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بَشَّارٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عِيسَى، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: لَمَّا خَلَقَ اللهُ آدَمَ وَنَفَخَ فِيهِ الرُّوحَ عَطَسَ فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بِإِذْنِهِ فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: يَرْحَمُكَ اللهُ يَا آدَمُ، اذْهَبْ إِلَى أُوْلَئِكَ الْمَلَائِكَةِ إِلَى مَلَإٍ مِنْهُمْ جُلُوسٍ فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ، قَالُوا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى رَبِّهِ فَقَالَ: إِنَّ هَذِهِ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ بَنِيكَ بَيْنَهُمْ فَقَالَ اللهُ لَهُ وَيَدَاهُ مَقْبُوضَتَانِ: اخْتَرْ أَيَّهُمَا شِئْتَ قَالَ: اخْتَرْتُ يَمِينَ رَبِّي وَكِلْتَا يَدَيْ رَبِّي يَمِينٌ مُبَارَكَةٌ، ثُمَّ بَسَطَهَا فَإِذَا فِيهَا آدَمُ وَذُرِّيَّتُهُ قَالَ: أَيْ رَبِّ، مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ. فَإِذَا كُلُّ إِنْسَانٍ مَكْتُوبٌ عُمْرُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ فَإِذَا فِيهِمْ رَجُلٌ أَضْوَؤُهُمْ أَوْ مِنْ أَضْوَئِهِمْ قَالَ: يَا رَبِّ، مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا ابْنُكَ دَاوُدُ وَقَدْ كَتَبْتُ لَهُ عُمُرَ أَرْبَعِينَ سَنَةً، قَالَ يَا رَبِّ، زِدْ فِي عُمْرِهِ قَالَ: ذَلِكَ الَّذِي كَتَبْتُ لَهُ قَالَ: أَيْ رَبِّ، فَإِنِّي قَدْ جَعَلْتُ لَهُ

مِنْ عُمْرِي سِتِّينَ سَنَةً قَالَ: أَنْتَ وَذَاكَ قَالَ: ثُمَّ أُسْكِنَ الْجَنَّةَ مَا شَاءَ اللهُ ثُمَّ أُهْبِطَ مِنْهَا فَكَانَ آدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهِ قَالَ: فَأَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُ آدَمُ: عَجِلْتَ قَدْ كُتِبَ لِي أَلْفُ سَنَةٍ قَالَ: بَلَى وَلَكِنْ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوُدَ سِتِّينَ سَنَةً فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ قَالَ عليه السلام فَمِنْ يَوْمِئِذٍ أُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُودِ.(٢٤)

رَوَاهُ فِي الْمِشْكَاةِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور ان میں روح پھونکی تو ان کو چھینک آئی انہوں نے ''الحمد للہ'' کہا اور اس کے حکم سے اس کی تعریف کی۔ ان کے رب نے فرمایا: ''یرحمک اللہ'' پھر فرمایا: اے آدم! تم ان فرشتوں کی طرف جاؤ۔ وہاں فرشتوں کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی ہے۔ انہیں کہو: ''السلام علیکم''، فرشتوں نے کہا: ''وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ'' پھر وہ اپنے رب کے پاس آئے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تمہاری اور تمہاری اولاد کی سلام ہے۔ مزید فرمایا: ان دونوں ہاتھوں میں سے جو چاہو اختیار کرلو اس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے دونوں ہاتھ بند کر رکھے تھے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا:

٢٤: أخرجه ابن العربي في مشكاة الأنوار: ١٩، الرقم: ٢٤

وأخرج المحدّثون هذا الحديث بأسانيدهم منهم: الترمذي في السنن، كتاب:تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ومن سورة المعوذتين، ٥/٤٥٣، الرقم:٣٣٦٨، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٦٣،الرقم: ١٠٠٤٦، والحاكم في المستدرك، ١/١٣٢، الرقم: ٢١٤، وابن حبان في الصحيح، ١٤/٤١، الرقم: ٦١٦٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ١٠/١٤٧، الرقم: ٢٠٣٠٧۔

میں نے رب تعالیٰ کا داہنا ہاتھ اختیار کیا اور اس کے دونوں ہاتھ بابرکت ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ہاتھ کھولا تو اس میں حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد موجود تھی۔ عرض کیا: اے رب! یہ کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تمہاری اولاد ہے۔ آپ نے دیکھا کہ تمام انسانوں کی آنکھوں کے درمیان اس کی عمر تحریر ہے۔ ان میں ایک شخص سب سے زیادہ روشن ہے۔ عرض کیا: یا رب! یہ کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تیرے بیٹے حضرت داؤد علیہ السلام ہیں۔ اور میں نے اس کی چالیس سال عمر لکھی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا: اے اللہ! اس کی عمر بڑھا دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ان کے لیے یہی عمر لکھی ہے۔ عرض کیا: اے میرے پروردگار! میں نے اپنی عمر سے ساٹھ سال انہیں دے دیئے۔ فرمایا: تمہارا اور ان کا معاملہ ہے۔ جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا آپ جنت میں رہے پھر وہاں سے اتارے گئے۔ آپ اپنی عمر کو شمار کرتے تھے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: پھر آپ کے پاس موت کا فرشتہ آیا، آدم علیہ السلام نے فرمایا: تم نے جلدی کی میری عمر ہزار سال مقدر ہے فرشتے نے عرض کیا: ٹھیک لیکن آپ نے اس میں سے ساٹھ سال اپنے بیٹے حضرت داؤد علیہ السلام کو دے دیئے تھے۔ پس آدم علیہ السلام نے انکار کیا۔ اور ان کی اولاد نے بھی انکار کیا حضرت آدم علیہ السلام سے بھول ہوئی اور آپ کی اولاد بھی بھولتی ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں پس اسی دن سے لکھنے اور گواہوں کا حکم ہوا۔‘‘

اَلْحَدِيْثُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ

